© rasailojaraid.com

# ضروری اعلان

وفاق المدارس العربیہ پاکستان ۱۹۵۷ء میں قائم ہوا۔اس وقت اس ادارہ کی جاری کردہ سند فراغ کو" شهادة الفضيلة الرسميه من وفاق المدارس العربيه الاسلاميه" کا نام دیا گیا۔۱۹۸۲ء میں جب یونیورسٹی گرانٹس کمیشن اسلام آباد نے اس سند کا معادلہ مساوی ایم اے عربی، اسلامیات منظور کیا تو " شهادة الفضيلة الرسميه من وفاق المدارس العربيه الاسلاميه" تبدیل کر کے "شہادۃ العالمیہ، فی العلوم الاسلامیہ والعربیہ، رکھ دیا گیا۔

لہذا وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سند" شهادة الفضيلة الرسميه من وفاق المدارس العربيه الاسلاميه" اور" شهادة العالميه فى العلوم الاسلاميه والعربيه" ایک ہی درجہ کی سندیں ہیں اور انہیں مساوی حیثیت حاصل ہے۔

نیز اگر کوئی قدیم فاضل وفاق المدارس اپنی سند" شهادة الفضيلة الرسميه من وفاق المدارس العربيه الاسلاميه" کی بجائے" شهادة العالميه فى العلوم الاسلاميه والعربيه" حاصل کرنا چاہیں تو وہ دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان شیر شاہ روڈ ملتان میں اصل سند" شهادة الفضيلة الرسميه من وفاق المدارس العربيه الاسلاميه" جمع کرواکر" شهادة العالميه فى العلوم الاسلاميه والعربيه" حاصل کر سکتے ہیں اس تبدیلی سند کے لیے انہیں کوئی معاوضہ ادا نہیں کرنا پڑے گا۔ تاہم خرچہ ڈاک واجرت کتابت وغیرہ مبلغ -/۵۰ روپے ارسال کرنا ضروری ہیں

## ارباب مدارس توجہ فرمائیں

وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے ملحق بعض جامعات/مدارس کی شاخیں بھی موجود ہیں لیکن ان شاخوں کی مکمل تفصیل دفتر وفاق میں نہ ہے لہذا گذارش ہے کہ جن جامعات/مدارس کے ساتھ شاخیں بھی ہیں وہ فوری طور پر شاخوں کے درج ذیل کوائف دفتر کو ارسال فرمائیں تاکہ دفتر کا ریکارڈ مکمل کیا جاسکے۔

نام جامعہ/مدرسہ ..............................................................

| شاخ کا نام | مکمل پتہ | درجہ تعلیم | انچارج کا نام |
|---|---|---|---|
| | | | |

| ٹیلی فون نمبر | فیکس نمبر |
|---|---|
| | |

والسلام (مولانا) محمد حنیف جالندھری

ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

© rasailojaraid.com